ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((355

مورخہ 01.07.2024

**بہاولپور(             ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اور ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ کا سرکل حاصل پور و خیر پور ٹامیوالی میں محرم الحرام کے سلسلہ میں نکلنے والے جلوسوں کے روٹس کا وزٹ، محرم الحرام کے موقع پر جلوس اور مجالس کی سکیورٹی اولین ترجیح ہے، شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اور ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ نے سرکل حاصل پور اور سرکل خیر پور ٹامیوالی میں محرم الحرام کے سلسلہ میں نکلنے والے جلوسوں کے روٹس کا وزٹ کیا۔ ایس ڈی پی اوز نے اس حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر بہاولپور نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے پرامن انعقاد کے لئے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔ امن سفیر کے قافلے بھی مختلف سرکلز میں پرامن محرم الحرام کے حوالے سے ملاقاتیں کررہے ہیں۔ ڈی پی او بہاولپور نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ یوم عاشورہ کے دوران سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ جلوسوں کی سی سی ٹی وی کیمرہ جات سے مانیٹرنگ کی جائے۔ جلوس میں شامل ہونے والوں کی میٹل ڈیٹکٹر سے مکمل تلاشی لی جائے، واک تھرو گیٹ کے ذریعے جلوسوں اور مجالس میں داخل ہونے دیا جائے۔ ملکی حالات کے پیش نظر اپنے اردگرد مشکوک اشخاص اور مشکوک حرکات وسکنات پر کڑی نظر رکھتے ہوئے اپنی ڈیوٹی چاک وچوبند اور احسن طریقے سے سرانجام دیں۔ جلوس کے دوران کسی بھی اجنبی شخص کو بغیر شناخت کے جلوس ہائے میں داخل ہونے سے روکا جائے۔ جلوس اور مجالس میں خواتین کی تلاشی بذریعہ لیڈی پولیس اہلکاران لی جائے۔ جلوس اور مجالس کے آغاز سے قبل سپیشل برانچ کے عملہ سے سویپنگ کروائی جائے۔ جلوسوں میں شامل ہونے والے راستوں کو خاردار تاروں سے سیل کیا جائے۔ جلوس کے راستوں کے ساتھ بلند عمارتوں پر پولیس کے ماہر نشانہ باز مامور کئے جائیں۔ ایس ایچ اوز ڈیوٹی پر مامور ملازمان کو ڈیوٹی شروع ہونے سے پہلے چیک کرکے بریف کریں گے اور ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں آگاہ کریں۔ ڈیوٹی میں سستی ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائیگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ امن کمیٹی ممبران سے رابطے میں رہیں تاکہ محرم الحرام میں امن کی فضاء کو قائم رکھا جاسکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اور ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ کا سرکل حاصلپور اور خیر پور ٹامیوالی میں محرم الحرام کے جلوسوں کے روٹس کا وزٹ، سکیورٹی معاملات کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((356

01.07.24

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 30 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ پراپرٹی کے مقدمات میں جلد ریکوری کر کے رپورٹ پیش کریں، تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، شہریوں کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے ،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 30 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کئے۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کر کے براہ راست جواب طلبی کی۔ کھلی کچہری میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران سے کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں مقدمات کی پراگریس لی۔ ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کر کے مدعی مقدمہ کے حوالے کر کے رپورٹ جمع کروائیں۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت میرٹ پر حل ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جا رہی ہے، سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور یہی ہمارا اولین فرض بھی ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر منعقد کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل دریافت کرنے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں



بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان گزشتہ روز ایس ڈی پی او آفس احمد پور شرقیہ، تھانہ ڈیرہ نواب اور پولیس خدمت مرکز کے وزٹ
بعد احمد پور شرقیہ کی مارکیٹ میں دکانداروں سے ملاقات کے دوران مسائل دریافت کر رہے ہیں